Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

QUR'AN · SOLUTIONS TO YOUR PROBLEMS

Help & Blessings of Allah

مدد و نعماتِ خداوندی

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔۔۔

WALILLAAHI AL-ASMAA'U AL-HUSNAA FAD'OOHU BIHAA...

And Allah's are the best names, therefore call on Him thereby...

اور اللہ ہی کے لئے بہترین نام ہیں لہذا اسے ان ہی کے ذریعہ پکارو۔۔۔

> It is reported from Imam Reza (a) that if any person recites YAA BAARE-O 100 times on Friday then Allah (swt) will not leave him alone in the grave but will give him a helper and a partner.

> حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن 100 مرتبہ ''یَا بَارِئُ'' کا ورد کرے گا تو خداوندعالم اس کو قبر میں تنہا نہ رہنے دے گا بلکہ اس کا ایک مونس و ساتھی قرار دے گا۔

> It is reported from Imam Reza (a) that if any person, daily after namaz'e Subh recites this zikr 7 times then Allah (swt) with the grace of these words will help him in each of his problems on that day...

> حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص ہر روز بعد از نماز صبح 7 بار اس طرح سے کہے تو خداوند عالم ان کلمات کی برکت سے اس روز ہر مشکل میں اس کی مدد کرے گا۔۔۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

FASAYAKFEEKAHUMU ALLAAHU WAHUWA AS-SAMEE'U AL-'ALEEM

So Allah will suffice you against them, and He is the All-Hearing, the All-Knowing.

پس اللہ تمہیں اُن کے مقابلے میں کافی ہو جائے گا، اور وہ سب سننے والا، سب جاننے والا ہے۔

Free to read, copy and share

> Any person while sleeping or in loneliness recites YAA WAARE-SO frequently then Allah (swt) will not leave him alone and grace of Allah (swt) will support him in the grave. At the end of zikr recite this verse (21:89) 7 or 3 times...

> جو شخص بھی سوتے وقت یا تنہائی کے وقت ''یَا وَارِثُ'' کو اپنا وردبنا لے تو اللہ تعالیٰ اسے کبھی تنہا نہ رکھے گا اور قبر میں لطف خداوندی اس کا مونس ہوگا۔ ''یَا وَارِثُ'' کے ورد کے آخر میں 7 بار یا 3 بار اس آیت (۲۱:۸۹) کی تلاوت کرے۔۔۔

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ

WAZAKARIYYAA IZ NAADAA RABBAHOO RABBI LAA TAZARNEE FARDAN WA-ANTA KHAYRU AL-WAARITHEEN

And Zakariya, when he cried to his Lord: O my Lord leave me not alone; and Thou art the best of inheritors.

اور زکریاؑ کو یاد کرو کہ جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ پروردگار مجھے اکیلا نہ چھوڑ دینا کہ تو تمام وارثوں سے بہتر وارث ہے۔

> To get rid of all types of fear and to get Allah's help recitation of this zikr 929 times during daytime is beneficial...

> ہر قسم کے خوف سے دوری اور خدائی امداد کے حصول کے لئے دن کے وقت 929 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید ہے۔۔۔

ذُوالْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ

ZOOLHAWLI WAL-QUWWAH

Owner of might and power.

طاقت اور قدرت والا (زور و قوت کا مالک)۔

> To get help of Allah (swt) and victory over the enemy reciting YAA NAASE-RO 339 times at night is beneficial.

> مدد خداوندی کے حصول اور دشمن پر کامیابی کے لئے رات کے وقت 339 مرتبہ ''یَا نَاصِرُ'' کا ورد نافع ہے۔

> To seek help from Allah (swt) during trouble reciting this zikr 838 times at night is beneficial...

> کسی بھی مشکل میں اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرنے کے لئے رات کے وقت 838 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید ہے۔۔۔

Free to read, copy and share

يَا نَاصِرَ مَنْ لَّا نَاصِرَ لَهٗ

YAA NAASIRA MAN LAA NAASIRA LAH

O Helper of the one who has no helper.

اے اُس کی مدد کرنے والے جس کا کوئی مددگار نہیں !

> To stop the oppression of oppressor and to get help from Allah (swt) reciting this zikr 1481 times at night is beneficial...
>
> ظالم کے ظلم کو روکنے اور اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل کرنے کے لئے رات کے وقت 1481 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید ہے۔۔۔

يَا نَاصِرَ الْمَظْلُوْمِيْنَ

YAA NAASIRA AL-MAZLOOMEEN

O Helper of the oppressed.

اے مظلوموں کے مددگار !

> If a person makes a habit of reciting this zikr, he will get Allah's help in all his work and planning and will make him achieve success...
>
> اگر کوئی شخص اس ذکر کو اپنا وردبنالے تو اس کے تمام کاموں اور منصوبوں میں خداوند عالم اس کی مدد فرمائے گا اور اس کو کامیاب فرمائے گا۔۔۔

يَا نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

YAA NI'MA AL-MAWLAA WANI'MA AN-NASEER

O the best Protector (Master) and the best Helper.

اے بہترین مالک / سرپرست اور بہترین مددگار !

> To get help from Allah and the acceptance of dua reciting this zikr 269 times is beneficial...
>
> خداوندِ قدوس کی مدد کے حصول اور دعا کی قبولیت کیلئے 269 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید ہے۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

يَا مَنْ هُوَ عَادِلٌ فِيْ حُكْمِهٖ

YAA MAN HUWA 'AADILUN FEE HUKMIH

O One who is just in His judgment.

اے وہ ذات جو اپنے فیصلے میں عادل ہے !

To get help from Allah (swt) reciting YAA MUGHEE-SO frequently during night effectively gives quick results.

مدد خداوندی کے حصول کے لئے رات کے وقت زیادہ سے زیادہ ''یَا مُغِیثُ'' کا ورد انتہائی زود اثر ہے۔

To get help from Allah (swt) reciting YAA MU-EE'NO 170 times daily is beneficial.

مدد خداوندی کے حصول کے لئے روزانہ کسی بھی وقت 170 مرتبہ ''یَا مُعِیْنُ'' کا ورد نفع بخش ہے۔

According to a saying YAA RAZZAA-QO is the zikr of Hazrat Meeqaaeel (a) and the one who recites this gets the blessing of Allah (swt).

ایک قول ہے کہ ''یَارَزَّاقُ'' حضرت میکائیلؑ کا ورد ہے اور اس کے ورد کرنے والے پر نعماتِ خدا نازل ہوتی ہیں۔

According to a saying YAA FATTAA-HO is a zikr of Hazrat Meekaaeel (a) and the one who recites this will receive the blessings of Allah (swt).

ایک قول ہے کہ ''یَافَتَّاحُ'' حضرت میکائیلؑ کے اورادمیں سے ہے اور اس کے ورد کرنے والے پر نعمات خدا نازل ہوتی ہیں۔

It is narrated from Imam Reza (a) that if any person at the time of saher (before the time of azaan'e fajr) recites YAA BAASE-TO 10 times then he will not be dependent on others, will be relieved from sadness, his sustenance will increase and will get the blessings from where he has not even imagined.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص صبح وقت سحر ''یَابَاسِطُ'' کا ۱۰ مرتبہ ورد کرے تو ہرگز کسی کا محتاج نہ ہوگا، غموں سے نجات پائے گا، اس کی روزی کشادہ ہوگی اور ایسی جگہ سے اسے نعمتیں حاصل ہوں گی کہ جہاں کا اسے گمان بھی نہ ہوگا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Reciting this zikr 259 times during daytime is beneficial for seeking needs and to achieve blessing and grace of Allah (swt)...

دن کے وقت 259 مرتبہ اس ذکر کا ورد طلب حاجات اور نعمات و رحمت خدا کے حصول کے لئے مفید ہے۔۔۔

يَا وَاسِعَ الْعَطَآئِ

YAA WAASI'A AL-'ATAA'

O One of vast (abundant) giving.

اے بہت وسیع عطا کرنے والے!

If any person recites YAA GHANIY-YO 10000 times for 10 Fridays will get multiple blessings and wealth (just he should avoid eating tasty and delicious food during those days).

اگر کوئی 10 جمعہ تک ہر جمعہ کے روز 10000 بار ''یَا غَنِیُّ'' کا ورد کرے تو اسے بے حساب و بابرکت دولت حاصل ہوگی۔ (بشرط ان دنوں لذیذ و مرغن غذائوں سے گریز کرے)۔

A person who always recites YAA NAAFE'O will get 7 special qualities: Respect, Elevation, Blessings & Dignity, Love, Power, Strength and Sustenance.

جو شخص ''یَا نَافِعُ'' کا ہمیشہ ورد کرے گا اس کو یہ سات خصوصیات حاصل ہوں گی۔ عزت، رفعت، نعمت و حشمت، محبت، قدرت، قوت، رزق۔

Recitation of YAA MANNAA-NO frequently is more beneficial to be safe from fear and to receive blessings.

''یَا مَنَّانُ'' کو اپنا وردبنالینا خوف سے امن اور حصول نعمات کے لئے بہت نفع مند ہے۔

To get the blessings of Allah (swt) and for the acceptance of dua reciting YAA SHAA-KE-RO 521 times daily during daytime is beneficial.

نعمات خداوندی کے حصول اور دعا کی قبولیت کے لئے روزانہ دن کے وقت 521مرتبہ ''یَا شَاکِرُ'' کا ورد مفید ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Printed from https://fzic.org/library/quran/help-blessings-of-allah-3923 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.